S.S.A. Arts & Commerce College, Solapur

شمس العلما مولانا محمد حسین آزاد

کا تعارف

پیشکش : محمد شفیع چوبدار

آزاد محمد حسین

محمد حسین آزادؔ اُردو کے مشہور و معارف شاعر، تذکرہ نگار، ماہر لسانیات، محقق اور انشاپرداز تھے۔

آپ کا اصل نام محمد حسین تھا اور تخلص "آزادؔ" تھا۔ آپ 1830ء میں دہلی میں پیدا ہوے۔ آپ کے والد کا نام "مولوی محمد باقر" تھا۔ وہ اُردو کے بے باک صحافی تھے۔ "اُردو اخبار" کے نام سے اخبار نکالتے تھے۔ موصوف اس میں انگریزوں کے خلاف لکھتے اور تحریک آزادی پر زور دیتے تھے۔ 1857ء کی جنگ آزادی ناکام ہونے کے بعد انگریزوں نے ان پر ایک انگریز کے قتل کا الزام لگا کر انھیں چوراہے پر گولی مار کر موت کی سزا دی ۔ یہ منظر محمد حسین آزادؔ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ اس وقت وہ نوجوان تھے۔

مولوی باقر ہندوستان کی جنگِ آزادی کے پہلے صحافی ہیں جس نے ملک کی آزادی کے لیے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

محمد حسین آزاد کے والد نے ان کی تعلیم وتربیت کے لیے انھیں اپنے قریبی دوست استاذ ذوقؔ کے حوالے کیا تھا۔ ذوقؔ کی تربیت کی وجہ سے آزادؔ ادب کی دُنیا کا روشن ستارہ بن گئے۔ اُردو شاعری کے فروغ میں آزادؔ کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ انھوں نے کرنل ہال رائڈ کی نگرانی میں ان کے مشہور ے پر اُردو میں " نظم کی تحریک" چلائی۔ انھوں نے غزلوں کی بجائے نظموں کے مشاعرے منعقد کیے۔ جس میں شعراء کو طرح (قافیہ اور ردیف) کی بجائے نظموں کے لیے موضوع دیا جانے لگے۔ شعراء ان موضوعات پر نظمیں لکھ کرلاتے تھے اور مشاعروں میں سناتے تھے۔ اس کام میں مولانا حالؔی نے اُن کی بہت مدد کی۔ ان مشاعروں کی وجہ سے اُردو میں نظم نگاری کو فروغ ملا اور اس صنفِ شاعری کو خوب ترقی ہوئی۔

اُردو ادب میں محمد حسین آزاد کی اہمیت وافادیت کی بناپر
اِمداد اِمام آثر نے آپ کو "اُردو کے حواسِ خمسہ" میں شامل
کیا ہے۔ 1910ء میں اس عظیم شخصیت کا انتقال ہوا۔

شعری مجموعے : 1) نظمِ دل افروز۔ 2) مجموعۂ نظم آزاد۔
نثری تصانیف: 1) آبِ حیات۔ 2) سخن دانِ فارس۔
3) نیرنگِ خیال۔